پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

رائے عامہ سروے

# سماجی رویے

## نصف سے زائد افراد (57%) نے گزشتہ چند دنوں میں کوئی بھی وقت ٹی وی دیکھنے میں نہیں گزارا۔

**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**


(اسلام آباد)، 14 نومبر، 2022

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، نصف سے زائد افراد (57%) نے گزشتہ چند دنوں میں کوئی بھی وقت ٹی وی دیکھنے میں نہیں گزارا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"گزشتہ دنوں کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ دن کا کتنا حصہ آپ نے ٹی وی دیکھنے پر صرف کیا؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 57% جوابدہندگان کے مطابق گزشتہ دنوں میں اُنہوں نے کوئی بھی وقت ٹی وی دیکھنے میں نہیں گزارا، 17% جوابدہندگان کے مطابق گزشتہ دنوں میں اُنہوں نے دن میں تقریباً 1 گھنٹہ ٹی وی دیکھنے میں گزارا، 18% جوابدہندگان کے مطابق اُنہوں نے دن میں تقریباً 2 گھنٹے ٹی وی دیکھنے میں گزارے، 3% جوابدہندگان کے مطابق اُنہوں نے دن میں تقریباً 3 گھنٹے ٹی وی دیکھنے میں گزارے، 2% جوابدہندگان کے مطابق اُنہوں نے دن میں تقریباً 4 گھنٹے ٹی وی دیکھنے میں گزارے، 1% جوابدہندگان کے مطابق اُنہوں نے دن میں تقریباً 5 گھنٹے ٹی وی دیکھنے میں گزارے، جبکہ 2% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ گزشتہ دنوں میں اُنہوں نے دن میں 5 سے زائد گھنٹے ٹی وی دیکھنے میں گزارے۔

عام طور پر، لوگ دن میں تقریباً 2 گھنٹے ٹی وی دیکھنے میں گزارتے ہیں۔ جوابدہندگان کی عمر کے اعتبار سے نتائج کو دیکھا جائے، تو یہ دیکھنے میں آیا کہ 19 سے 23 سال کی عمر کے 25% افراد، 24 سے 30 سال کی عمر کے 22% افراد، 31 سے 50 سال کی عمر کے 35% افراد اور 50 سال سے زائد عمر کے 19% افراد روزانہ تقریباً 2 گھنٹے ٹی وی دیکھنے میں گزارتے ہیں۔

**"گزشتہ دنوں کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ دن کا کتنا حصہ آپ نے ٹی وی دیکھنے پر صرف کیا؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1051 مرد و خواتین سے کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا اور یہ سروے 29 اکتوبر 2022 سے 02 نومبر 2022 کے درمیان منعقد ہوا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, November 14, 2022**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)